Text of Morning Urdu News Bulletin

Time 09:25 AM

Dated: 22 July 2026

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

خبروں کا بلیٹن لیکر میں عابدہ اختر

LG

لیفٹنٹ گورنر منوج سنہانے کہاہے کہ بھارتی فلسفہ اور روحانیت نہ صرف ہماری قدیم کتابوں میں ملتی ہے بلکہ یہ بھارت کے باشندوں کی روز مرہ روایات کا ایک اہم حصہ ہے۔لیفٹنٹ گورنر کل سینٹرل سنسکرت یونیورسٹی جموں کیمپس، شری ماتا ویشنو دیوی شرائن بورڈ اور شری ماتا ویشنو دیوی یونیورسٹی کے مشترکہ اہتمام سے منعقدہ "Shakti Mimamsa" نامی قومی سمپوزیم سے خطاب کررہے تھے۔انہوں نے کہا کہ چار روز تک جاری رہنے والے اس سمپوزیم کی بدولت شرکاءکو سناتن سے جڑنے کا موقعہ فراہم ہوگا۔

ملاقات

بی جے پی لیڈر فیصل میر نے کل لوک بھون سرینگر میں لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا کے ساتھ ملاقات کرکے حلقہ انتخاب حبہ کدل کے لوگوں کی ترقیاتی ضروریات کے بارے میں انہیں آگاہ کیا۔خوشحال کشیر ایجوکیشنل ٹرسٹ بانڈی پورہ کے چیئر مین روہت بٹ نے بھی ایل جی کے ساتھ ملاقات کی۔ٹرسٹ کے جوائنٹ سیکرٹری رشید فیاض بھی ان کے ہمراہ تھے۔

جتندر سنگھ

سرکار نے کہاہے کہ وہ نیٹ پیپر لیک معاملے پر پارلیمنٹ میں بحث کیلئے تیارہے۔نئی دلی میں نامہ نگاروں سے بات کرتے ہوئے مرکزی وزیر ڈاکٹر جتندر سنگھ نے کہا کہ انہوں نے لوک

سبھامیں اپوزیشن کے لیڈر راہل گاندھی سے ذاتی طور مل کر انہیں اس بارے میں سرکار کی جانب سے یقین دلایا تاہم ڈاکٹر جتندر سنگھ نے الزام لگایا کہ اس کے باوجود راہل گاندھی اپنے مطالبات سے کنارہ کشی کررہے ہیں۔یہ بات قابل ذکر ہے کہ پولیس نے کل شام لوک کلیان مارگ پر سینئر کانگریس لیڈر راہل گاندھی اور پرینکا گاندھی کے علاوہ سماج وادی لیڈر اکھیلیش یادو نیز دیگر کئی اپوزیشن لیڈران کو حراست میں لے لیا جہاں وہ دھرنے پر بیٹھے تھے۔

وزراءدورہ

جنگلات و ماحولیات کے وزیر جاوید احمد رانا اور ٹرانسپورٹ کے وزیر سیش شر مانے کل راجوری کا دورہ کرکے سیلاب سے پیدا ہوئی صورتحالاور متاثرین کی راحت کاری کیلئے جاری سرگرمیوں کا جائزہ لیا۔انہوں نے وہاں مقامی اسکول میں قائم کئے گئے امداد و باز آبادکاری مرکز مینمتاثرین کے ساتھ بات کرکے انہیں دی جارہی سہولیات کے بارے میں جانکاری حاصل کی۔اس موقعے پر وہاں وزراءنے کئی بازآبادکاری پروجیکٹوں کو شروع کرنے کا اعلان کیا۔

انشل گرگ

صوبائی کمشنر کشمیر انشل گرگ نے موجودہ موسمی صورتحال کے تناظر میں کولگام کا دورہ کرکے وہاں انسداد سیلاب اور بارش سے پیداہونے والے امکانی حالات سے نمٹنے کیلئے تیاریوں کا جائزہ لیا۔انہوننے دریاؤں اور ندی نالوں میں پانی کی سطح کی مسلسل نگرانی اور افرادی قوت و مشینری کو تیاری کی حالت میں رکھنے کی ہدایت دی۔اس سے قبل ڈویژنل کمشنر نے کولگام کے بونہ گام علاقے میں واقع ماتا کلوا گشوری مندر میں سالانہ مہایگیہ کے انعقاد کیلئے انتظامات کا جائزہ لیا۔

یاترا معطل

جموں وکشمیر کے بیشتر علاقوں میں کل رات سے بارشوں کا سلسلہ جاری ہے۔سرینگر اور آس پاس کے علاقوں میں آج صبح سے بھی مسلسل بارشیں ہورہی ہیں۔موسمی صورتحال کے تناظر میں شری امرناتھ جی یاترا آج چوتھے روز بھی معطل رکھی گئی ہے۔کولگام کے ہمارے نمائندے خورشید پڈرو نے خبر دی ہے کہ جموں کے بھگوتی نگر یاتری نواس اور پاس میں قائم ایک آشر

میں 6ہزارکے قریب یاتری اس وقت قیام کررہے ہیں، تاہم کسی بھی یاتری کو آج وادی کی طرف آنے کی اجازت نہیں ہوگی۔یاترا کی بحالی کا فیصلہ موسم میں بہتری آنے کے بعد لیا جائے گا۔

ڈی سی بڈگام

بڈگام کے ڈپٹی کمشنر اطہر عامر خان نے ضلع کے بیروہ اور نارہ بل علاقوں میں مسلسل بارشوں کے بعد پیدا ہوئی صورتحال کا جائزہ لیا۔انہوں نے نالہ سکھناگ اور دیگر ندی نالوں میں پانی کی سطح میں اضافے کے پیش نظر حساس علاقوں میں ایمر جنسی ٹیموں کو متحرک رہنے کی ہدایت دی۔

گرمائی تعطیلات

حکومت نے ناساز گار موسمی صورتحا ل کے پیش نظر کشمیر صوبے کے تمام سرکاری و تسلیم شدہ غیر سرکاری اسکولوں اور جموں صوبے کے ونٹر زونز میں آنے والے تعلیمی ادارونمیں گرمائی تعطیلات 26جولائی تک بڑھادی ہیں اور یہ تعلیمی ادارے اب 27جولائی کو دوبارہ کھلیں گے۔حکومت نے ناساز گار موسمی صورتحا ل کے پیش نظر کشمیر صوبے کے تمام سرکاری و تسلیم شدہ غیر سرکاری اسکولوں اور جموں صوبے کے ونٹر زونز میں آنے والے تعلیمی ادارونمیں گرمائی تعطیلات 26جولائی تک بڑھادی ہیں اور یہ تعلیمی ادارے اب 27جولائی کو دوبارہ کھلیں گے۔

ٹریفک

سرینگر جموں قومی شاہراہ کے کئی مقامات پر مسلسل بارشوں کے بعد پتھر گرآئے ہیں جس کے نتیجے میں شاہراہ پر ٹریفک کی نقل وحمل متاثر ہوئی ہے۔ایس ایس پی ٹریفک نیشنل ہائی وے راجا عادل حمید نے اس شاہراہ پر سفر کرنے والوں کو مشورہ دیا ہے کہ وہ اپنا سفر شروع کرنے سے پہلے شاہراہ کی صورتحال کے بارے میں تفصیلات حاصل کریں اور اگر ضروری نہ ہو تو سفر کرنے سے گریز کریں۔

ُپنچایت اکاؤنٹس

پنچایت اکاؤنٹس اسسٹنٹس کی ملازمت میں یقینی ترقی کی اسکیم سے متعلق جامع سفارشات کی جانچ اورانہیں حتمی شکل دینے کیلئے جموں وکشمیر سرکار نے اعلیٰ سطح کی ایک کمیٹی تشکیل دی ہے۔یہ کمیٹی ایک ہزار 7 سو پنچایت اکاؤنٹس اسسٹنٹس کی دیرینہ مانگوں کا بھی جائزہ لے گی۔

ڈوگرہ

ڈوگرہ روایت "رُت رادھے"کے بارے میں بیداری پیدا کرنے اور اس روایت کے احیاءنو کیلئے کمیشن کے اہتمام سے ایک تقریب منعقد ہوئی ۔یہ تقریب Resident نئی دلی میں جموں وکشمیر کے ڈوگرہ ویلفیئر ایسوسی ایشن اور جموں وکشمیر بنک کے اشتراک سے منعقدہوئی۔اس موقعے پر کمشنر انیل شرما نے کہا کہ رُت رادھے Resident اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے ایڈیشنل محض ایک روایت نہیں بلکہ ڈوگرہ تہذیب کے شاندار ماضی کی عکاس بھی ہے۔تقریب میں ڈوگرہ ثقافت سے وابستہ کئی شخصیات نے شرکت کی۔

درجہ حرارت

سرینگر میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت 17 اعشاریہ 7 ڈگری ، جبکہ جموں میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت 22 اعشاریہ 4ڈگری سیلسیس ریکارڈ کیا گیا۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا۔

اجازت دیجئے ۔خداحافظ